مولانا قاری فیوض الرحمٰن ایم۔اے

تذکرہ اساتذہ دار العلوم

قسط ۳

حضرت مولانا فضل مولیٰ صاحب مدظلہٗ ساکن چیر آزاد قبائل ، ملحقہ ہزارہ

ولادت | آپ ۱۹۳۲ء میں موضع "چیر" علاقہ جبرزئی آزاد قبائل ملحقہ ہزارہ میں جناب زرداد صاحب صدیقی کے ہاں پیدا ہوئے۔

ابتدائی تعلیم | آپ نے ابتدائی تعلیم "جدبا" کے مولانا ریحان الدین صاحب اور "بلکوٹ" کے مولانا مظفر حسین صاحب سے حاصل کی۔ پھر "ستگئی" کے مولانا عمر شاہ صاحب سے بھی استفادہ کیا۔

دار العلوم اسلامیہ سوات میں | پھر آپ دار العلوم اسلامیہ سوات میں پہنچے تو وہاں کے صدر مدرس اور شیخ الحدیث حضرت مولانا نادر المعروف بہ "مارتونگ ملا" سے شرح عقائد خیالی، حمداللہ، قاضی مبارک، امور عامہ، جلالین، مشکوٰۃ، ترمذی اور بخاری شریف پڑھیں، حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب مرحوم نائب صدر مدرس سے مطول اور مسلم شریف و بخاری شریف جلد ۲، مولانا رحیم اللہ صاحب سے شرح عقائد، میبذی اور مرزا قطبی، مولانا فضل حق صاحب کوہستانی سے میر زاہد اور ملا جلال، مولانا عبداللہ صاحب کوہستانی سے تسبیع المعلقات، مولانا بابا رگی صاحب سے تصریح شرح چغمینی اور ابوداؤد شریف اور مولانا لطافت الرحمٰن صاحب سواتی سے ترمذی جلد ۲ پڑھیں۔ ۱۳۸۴ھ میں اسی مدرسہ میں دورۂ حدیث پڑھ کر سند فراغت حاصل کی۔

دار العلوم حقانیہ میں تدریس کا آغاز | فراغت کے بعد دار العلوم حقانیہ میں تدریس پر مامور ہوئے، ۱۹۶۵ء سے لیکر اب تک اسی دار العلوم میں نہایت محنت و جانفشانی کے ساتھ تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ تغیر ۱۹۶۹ء میں حضرت الاستاذ حافظ الحدیث مولانا محمد عبداللہ صاحب درخواستی